توجہ دلاؤ نوٹس

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ 10 سال پہلے تیمر گرہ میں میڈیکل کالج کے قیام کی منظور دی گئی تھی لیکن بد قسمتی سے اس کالج میں کلاسز آج تک شروع نہ ہو سکی۔ جبکہ اس کے مقابلے میں صوبے کے مختلف اضلاع میں منظور کیئے گئے کالجوں میں پانچ سال پہلے سے کلاسز شروع ہو چکی ہیں۔ اور مذکورہ کالج کے لئے جو آلات خریدی گئے ہیں وہ بھی ٹیکنکل افراد کی غیر موجودگی میں خریدے گئے ہیں اور مذکورہ سامان میں تقریباً ایک ارب 40 کروڑ روپے کا سامان ٹیچنگ ہسپتال تیمر گرہ کیلئے خریدی گئی ہے جسمیں ادھے سے زیادہ سامان فیزیکلی طور پر موجود نہیں ہے تیمر گرہ میڈیکل کالج کے ہینڈ اینڈ ٹیک اوور کمیٹی کے ابتدائی رپورٹ کے مطابق 139 الات میں سے 83 الات ایسی جی ٹیکنیشن نے جبکہ دیگر الات دو وارڈار دلیز (کلاس فور) نے وصول کی جس میں یورالوجی کے الات 54 ملین روپے فیزیکلی طور پر موجود نہیں ہے گسٹرو ینٹرولوجی ڈیپارٹمنٹ میں اولمپیس اینڈوسکوپ کی درخواست کی تھی لیکن چینی اینڈوسکوپ فراہم کی چینی اینڈوسکوپ صرف چھ ماہ میں خراب ہو گئی۔ مذکورہ ہسپتال کی 300 بیڈز فوم میٹریسس اور ریکسین کور فیزیکلی طور پر موجود نہیں ہے۔ میڈیکل کالج کا PD اور سابق ڈی جی ہیلتھ سے مذکورہ سامان کی وصولی ممکن بنائے اور ملوث افسران کی نشادہی کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

عبید الرحمن

رُکن صوبائی اسمبلی

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 5th

Notice No. 184

Received Time: 1:00

Received Date 21/11/2025

From Mr/Ms. عبید الرحمن MPA

Receiver Sign: